# دی بینک آف پنجاب اور پنجاب مائیکروفنانس نیٹ ورک  کے درمیان یاداشت پر دستخط

تجدید شدہ تزویراتی مقاصد کے حصول، مائیکروفنانس سیکٹر کی بہتری اور کمزور معاشرتی طبقات کو مالیاتی خدمات کی آسان فراہمی کیلئے دی بینک آف پنجاب اور پنجاب مائیکروفنانس نیٹ ورک (پی ایم ایف این) کے مابین یاداشت پر دستخط۔ یہ اس شعبے میں پہلا قدم ہے۔ بی او پی کی جانب سے پی ایم ایف این کے ممبران کو مالیاتی اور تکنیکی سہولیات فراہم کرنے سے پنجاب میں چھوٹے پیمانے پر زرعی فنانسنگ، کم لاگت گھروں اور چھوٹے کاروبار کے شعبے میں خاطر خواہ ترقی ہوگی۔ اشتراک کی یاداشت پر بی او پی کے گروپ ہیڈ ٹریژری اینڈ ایف آئی اور پی ایم ایف این کے چیئرمین کی جانب سے باضابطہ طور پر 7 جنوری 2021 کو دی بینک آف پنجاب کے ہیڈ آفس میں دستخط ہوئے۔ تقریب میں بی او پی کے صدر ظفر مسعود نے بھی شرکت کی۔

اس موقع پر دی بینک آف پنجاب کے صدر ظفر مسعود نے بی او پی کی جانب سے مائیکروفنانس انڈسٹری بالخصوص پی ایم ایف کے رکن اداروں کے مدد کے عزم کا اعادہ کیا اور پی ایم ایف این کے اراکین کے ساتھ مزید سودمند اور مستحکم تعلقات کی امید ظاہر کی۔ پی ایم ایف این کے فوکل پرسن  بارک اللہ (سی ای او۔۔۔ آگاہی پاکستان) نے کہا کہ دی بینک آف پنجاب کے ساتھ اس یاداشت پر دستخط اس نیٹ ورک اور تمام ممبران اداروں کیلئے ایک تاریخی لمحہ ہے جس کی وجہ سے انھیں دی بینک آف پنجاب کی مدد سے وسیع مالیاتی اور غیر مالیاتی خدمات سے استفادہ کرنے کا موقع ملے گا۔

تقریب میں بی او پی کے سینئر ایگزیکٹوز اور پی ایم ایف این کے اراکین نے شرکت کی۔